## پریس ریلیز

## ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

10/ مارچ، 2017

# بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 ( اے اے سی ایس ) کے سیکشن 35A کے تحت ’’دی بھیلواڑہ مہیلا اربن کوآپریٹو بینک لمٹیڈ، بھیلواڑہ ( راجستھان ) کو پابندیوں میں رکھا گیا

ریزرو بینک نے عوام کو مطلع کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35A کے سب سیکشن (1) میں حاصل اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے جس کو بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے، ریزرو بینک نے دی بھیلواڑہ مہیلا اربن کوآپریٹو بینک لمٹیڈ بھیلواڑہ پر کچھ پابندیاں 9 مارچ 2017 سے لگائی ہیں۔ اب یہ بینک آر بی آئی بغیر پیشگی منظوری کے کسی نئے قرض ایڈوانس دینا یا پرانے قرضوں کی تجدید نہیں کر سکے گی۔ اور نہ ہی کوئی سرمایہ کاری، ڈپازٹس یا فنڈس ادھار لینا اور اپنے اوپر ذمہ داریاں بڑھانا، اپنی ذمہ داریوں (لائبلٹی) کو ادا کرنا کسی بھی طرح فنڈس کی نکاسی وغیرہ نہیں کر سکے گی۔ یہ بینک اپنی کسی بھی پراپرٹی کو فروخت نہیں کر سکے گی۔ اور نہ اس طرح کا کوئی سمجھوتہ کسی سے کر سکے گی۔ سوائے اس کے جو ریزرو بینک نے اپنے 7 مارچ 2017 کے نوٹیفکیشن میں منظوری دی ہے۔ اس ڈائریکٹیو کی ایک کاپی عوام کی جانکاری کے لئے بینک کے احاطہ میں چسپاں کر دی گئی ہے خاص طور پر کھاتہ دار اپنے بچت کھاتہ، کرنٹ کھاتہ یا کسی اور ڈپازٹ کھاتہ سے زیادہ سے زیادہ ایک ہزار روپیہ (Rs.1,000/-) تک کی رقم ان شرائط کے ساتھ نکال سکتے ہیں جیسا کہ آر بی آئی کے ڈائریکشن میں بتایا گیا ہے۔

مندرجہ بالا ڈائریکشن کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اس بینک کا لائسنس منسوخ کر دیا گیا ہے، بینک اپنا بینکنگ کاروبار کچھ شرائط اور پابندیوں کے ساتھ جاری رکھے گی جب تک کہ اس بینک کی مالی حالت میں سدھار نہیں ہو جاتا، ریزرو بینک معاملات پر انحصار کرتے ہوئے اپنے ان ڈائریکشن پر ترمیم کرنے پر غور کر سکتا ہے۔

**اجیت پرساد**
**اسسٹنٹ ایڈوائزر**

**پریس ریلیز** 2427/2016-2017